Military Lands and Cantonments Department
Cantonment Board Bahawalpur
Ahmadpur Road Near Chowk Fawara Bahawalpur
Phone No. 062-9255311, Fax No. 0629255313
Email: canttboardbwp@gmail.com

No.CBB /Adv/ **1572** Dated the **12** December, 2024.

# کینٹونمنٹ بورڈ بھاولپور کینٹ
# نوٹس نیلامی ٹھیکہ وصولی فیس کشتیاں

ہر خاص و عام کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور اپنے زیر انتظام گلزار صادق پارک میں موجود جھیل کی کشتیوں (Water Boats) سے وصولی فیس کا ٹھیکہ برائے عرصہ پانچ سال 7.5 فیصد سالانہ اضافہ کے ساتھ دینے کے لیے کھلی نیلامی منعقد کر رہا ہے، نیلامی مؤرخہ 31/12/2024 کو دن 12 بجے دفتر کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور میں ہوگی۔ مذکورہ بالا تاریخ کو بولی نہ ہونے / مسترد ہونے یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوبارہ بولی 01/01/2025 کو اور سہ بارہ بولی 02/01/2025 کو ہوگی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

## شرائط نیلامی درج ذیل ہیں

1۔ بولی دہندگان کو مبلغ -/2,00,000 روپے بطور زر ضمانت قابل واپسی بمطابق پیپرا رولز بشکل کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر بہاولپور مع کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی نیلامی کی تاریخ سے ایک دن قبل دن 2 بجے تک دفتر ہذا میں جمع کرانا لازمی ہوگی جو اول اور دوم آنے والے بولی دہندگان کے علاوہ باقی تمام حضرات کو نیلامی کے اگلے روز واپس کر دی جائیں گی۔

2۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کے واجبات ہوں، دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو اختتام بولی پر کل بولی کا 1/4 حصہ بطور قابل واپسی سیکیورٹی جمع کرانا لازمی ہوگا۔ سیکیورٹی کی رقم جمع نہ کرانے کی صورت میں بولی دہندہ کا زر ضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور ضبط کر لیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر آنے والے کامیاب بولی دہندہ کو شرائط کی تکمیل کے لیے کہا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کینٹونمنٹ بورڈ کو سال کے 12 ایڈوانس چیک جمع کروائے گا۔ کینٹونمنٹ بورڈ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک چیک اپنے اکاؤنٹ میں جمع کروا سکے گا۔

5۔ کوئی بھی چیک باؤنس ہونے کی صورت میں کینٹونمنٹ بورڈ ٹھیکہ کینسل کرنے کا مجاز ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا قبضہ بعد از حتمی منظوری مجاز اتھارٹی حوالے کیا جائے گا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

8۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو ٹھیکیدار کو ادا کرنا ہوگا۔

9۔ زیر دستخطی بولی کو قبل حتمی منظوری، تکنیکی / انتظامی بنیاد پر مسترد یا منظور کرنے کا مجاز ہوگا تاہم فائنل منظوری بورڈ / مجاز اتھارٹی دے گی۔

10۔ مزید کسی بھی معلومات کے لیے کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کی ٹیکس برانچ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

11۔ کینٹونمنٹ بورڈ اور ٹھیکیدار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس ملتان ثالث تصور ہوگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔

**المشتہر**

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
کنٹونمنٹ بورڈ بہاولپور